2022年6月12日ジャング紙ラホール版8面

# پاکستان میں سیاحت

**جون ، 2022 12**

دہشتگردی کے خاتمے سمیت پاکستان کی طرف سے بین الاقوامی سیاحت کے فروغ کی خاطر اٹھائے گئے اقدامات کے حوصلہ افزا نتائج کا بین ثبوت عالمی بنک کے کنٹری ڈائریکٹر کا وہ ٹویٹ پیغام ہے جس سے اس شعبے کے اشاریوں میں 6 پوائنٹ کے اضافے کی تصدیق ہوتی ہے۔ 2019 کی سیاحت کے شعبے سے متعلق عالمی درجہ بندی میں پاکستان کا نمبر 89 تھا جو 2021 میں 83 ہوگیا۔ عالمی بنک کے مطابق اشاریوں میں بہتری کی بنیادی وجہ سازگار کاروباری ماحول، سیاحوں کی وسیع سکیورٹی اور اس شعبے کے ڈھانچے میں بہتری ہے۔ پاکستان اپنے قدرتی مناظر، چار ہزار سالہ پرانی تہذیب کے آثار، کوہ پیمائی اور تاریخی عمارتوں سمیت دیگر شعبہ جات کے حوالے سے عالمی سیاحوں کی توجہ کا آج اسلئے طلبگار ہو کر رہ گیا ہے کہ بد قسمتی سے گذشتہ 40 برس کے دوران سرد جنگ سمیت دہشتگردی اور خطے کے غیر موافق حالات نے انھیں ہم سے دور کر دیا اور سیاحت میں تیزی سے ترقی کرنے والا یہ ملک دوسروں سے پیچھے رہ گیا جبکہ پاکستان کو اس شعبے میں سب سے زیادہ جلاء 1970 کی دہائی میں ملی جس کے توسط سے ملکی دستکاریاں دنیا بھر میں مقبول ہوئیں اور ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مستحکم رہی۔ آپریشن ضرب عضب اور رد الفساد کی کامیاب تکمیل کے بعد جب امن و امان کے حالات معمول پر آنے لگے تو 2018 میں 19 لاکھ غیرملکی سیاح پاکستان آئے جسے دیکھتے ہوئے 2020 میں اسے بین الاقوامی سطح پر 10 بہترین دور دراز سیاحتی مقامات کی فہرست میں شامل کر لیا گیا۔ حالیہ حوصلہ افزا رپورٹوں کی روشنی میں یہ بات شدت سے محسوس کی جا رہی ہے کہ سیاحت کے شعبے کو قومی معیشت کے دھارے میں باقاعدہ طور پر شامل کرنے کے لئے وہ تمام سقم دور کئے جائیں جو اس کی مکمل بحالی میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔